# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق یں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی ادب (8662) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایڈ

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: لکھنوی تہذیب صنفِ ریختی کے فروغ کا سبب کیسے بنی؟ ریختی کی فکری خصوصیات واضح کریں۔ (20)

سوال 2: ایک کامیاب ناول کن عناصر سے مل کر بنتا ہے؟ اردو ناول نگاروں نے نقل مکانی یا ہجرت کے دکھ کو اجتماعی تمدنی نقصان کے طور پر کیسے دکھایا ہے؟ (20)

سوال 3: فورٹ ولیم کالج کی داستانوں نے مافوق الفطرت عناصر کو جدید اردو نثر کے حقیقت پسندانہ سانچے میں کیسے ڈھالا؟ تفصیلی تجزیہ پیش کریں۔ 20)

سوال 4: درج ذیل تخلیقات کے اسلوبیاتی نظام اور ان کی فکری انفرادیت پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے:

- (i) غالب کی مکتوب نگاری (مکالمہ نگاری کا فن)
- (ii) فسانۂ عجائب (تہذیبی بساط کا آخری نقش) (20)

سوال 5: سرسید تحریک نے اردو ادب کو "تخیل کی دنیا" سے نکال کر "عمل کی دنیا" میں کیسے اتارا؟ فکری محاکمہ کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال 1: علامہ اقبال کے شعری تخیل نے روایتی علامات (جیسے بلبل اور صیاد) کو انقلابی استعاروں میں کیسے تبدیل کیا؟ اقبال کی شعری علامتوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال 2: "پاکستانی ادب" کی ارضی جڑیں کہاں ہیں؟ معاصر غزل اور نظم کے فکری وفنی تناظر میں اس شناخت کا سراغ لگائیے۔ (20)

سوال 3: یادگارِ غالب اور حیاتِ جاوید کی روشنی میں پرکھیے کہ حالی نے سوانح نگاری کو عقیدت کے بجائے فن کیسے بنایا؟ جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4: شبلی کی 'سیرت النبی' محض مذہبی بیانیہ نہیں بلکہ تاریخی عقلیت پسندی کا نمونہ ہے، اس اسلوب کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

سوال 5: قیامِ پاکستان کے بعد اردو تنقید میں کون سے نئے فکری رجحانات پیدا ہوئے؟ نیز اردو تنقید نے تاثراتی پسندی سے علمی گہرائی تک کا سفر کیسے طے کیا؟ اس کے فکری دبستانوں کا تجزیہ کیجیے۔ (20)